# جوہر آباد شوگر ملز لمیٹڈ

## اطلاع غیر معمولی اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ جوہرآباد شوگر ملز لمیٹڈ (''کمپنی'') کے ممبران کا غیر معمولی اجلاسِ عام(EOGM) بروز جمعرات 7 ستمبر 2023ء کو صبح 11:30 بجے، رجسٹرڈ دفتر B-125، قائداعظم انڈسٹریل اسٹیٹ، کوٹ لکھپت، لاہور میں درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا۔

**عام امور**:

1۔ کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ (1)159 کے مطابق 8 ستمبر 2023ء سے شروع تین سالوں کی مدت کے لئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے تعین کردہ منتخب ہونے والے ڈائریکٹرز کی تعداد سات (7) ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا۔ سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام درج ذیل ہیں:۔

a۔ جناب سید انوار حسین شاہد | b۔ جناب محمد عامر بیگ
c۔ جناب غیاث الحسن | d۔ جناب امجد جاوید آفتاب
e۔ جناب سیف الرحمان | f۔ جناب فرحان الیاس
g۔ محترمہ فائزہ افتخار

**خصوصی امور**

2۔ غور وخوض اور اگر مناسب سمجھا جائے تو ممبران کو سالانہ نظرثانی شدہ مالیاتی گوشواروں کی QR اینبلڈ کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ترسیل کو منظور کرنا جیسا کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے S.R.O 389(I)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 کی رُو سے اعلان کیا ہے۔

مندرجہ ذیل قرارداد کو کسی ترمیم، اضافہ اور حذف کے ساتھ یا اس کے بغیر خاص قرارداد کے طور پر منظور کرنا۔

"قرار پایا ہے کہ جیسا کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے S.R.O 389(I)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 کی رُو سے اعلان کیا ہے کمپنی کے سالانہ نظرثانی شدہ مالیاتی گوشواروں کی QR اینبلڈ کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ترسیل کرنے کی منظوری دی جاتی ہے۔"

"مزید قرار پایا ہے کہ چیف ایگزیکٹیو اور کمپنی سیکریٹری قرارداد ہذا کو نافذ کرنے کے لیے تمام قانونی ضابطوں کو مکمل کرنے کے واحد مجاز ہیں۔"

3۔ صاحب صدر کی اجازت سے کسی دیگر امر پر کارروائی کرنا۔

**بحکم بورڈ**

**الیوسف**

**کمپنی سیکرٹری**

لاہور

مورخہ: 16 اگست 2023ء

**نوٹ**:۔

1۔ کمپنی کی حصص منتقلی کتابیں 31 اگست 2023ء تا 7 ستمبر 2023ء (بشمول ہر دو ایام) بند رہیں گی۔ منتقلیاں کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ، K-1، کمرشل، ماڈل ٹاؤن لاہور کو 30 اگست 2023ء کو کاروبار کے اختتام تک وصول ہونے والی اجلاسِ میں شرکت کے استحقاق کیلئے بروقت تصور ہونگی۔

2۔ کوئی ممبر بشمول سبکدوش ہونے والا ڈائریکٹر جو ڈائریکٹرز کے انتخابی مقابلہ میں حصہ لینا چاہتا ہو، کو کمپنی کے ہاں درج ذیل دستاویزات اس کے رجسٹرڈ دفتر میں اجلاس کی تاریخ سے کم ازکم 14 یوم قبل لازماً جمع کرانی چاہئیں۔

a)۔ کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ (3)159 کی پرویژنز کی شرائط میں ڈائریکٹرز کے انتخاب کیلئے اپنے آپ کو پیش کرنے کا اظہار نوٹس معہ بطور ڈائریکٹر کام کرنے کی اپنی رضامندی۔

b)۔ اس امر کا اعلامیہ کہ وہ متعلقہ قوانین، کمپنی کے میمورنڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کی فہرستی قواعد کے تحت اپنے فرائض اور اختیارات سے بخوبی واقف ہے۔ اور وہ ایکٹ کی پرویژنز، کسی دیگر قابل اطلاق قانون، قواعد وضوابط کے تحت مندرجہ کمپنی کا ڈائریکٹر بننے کا نااہل نہیں ہے۔

c)۔ آزاد ڈائریکٹر کی صورت میں، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کے تحت مطلوبہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (2)166 کی شرائط میں انڈیپنڈینس کی ڈیکلیریشن۔

3۔ اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا مستحق ممبر اپنی جانب سے شرکت اور ووٹ دینے کیلئے کسی دیگر کیلئے ممبر کو اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔ کارپوریٹ اینٹٹی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختارنامہ معہ نمائندہ کے نمونہ دستخط کمپنی کے پراکسی فارم کے ہمراہ جمع کرانا ہوگا۔ پراکسیز تاآنکہ مؤثر ہوسکیں، کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں اجلاس کے انعقاد کے وقت سے کم ازکم 48 گھنٹے قبل لازماً وصول ہوجانی چاہئیں۔

4۔ وہ ممبران جو اپنے حصص سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی پاکستان لمیٹڈ (سی ڈی سی) کے ہاں جمع کراچکے ہوں، سے درخواست ہے کہ اپنے اصل CNIC، اکاؤنٹ اور پارٹیسپیشنٹ کے نمبرز ہمراہ لائیں۔ ایسے ممبران کو مزید برآں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمشن پاکستان کے سرکلر نمبر 1 مورخہ 26 جنوری 2000 میں دی گئی درج ذیل گائیڈ لائنز کی پیروی کرنا ہو گی۔

5۔ ممبران کو کمپنی کے ساتھ تمام کارسپانڈنس میں اور اجلاس میں شرکت کے وقت اپنے فولیو نمبر درج کرنے چاہئیں۔

6۔ ارکان، جو وڈیولنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کے خواہاں ہیں سے درخواست ہے کہ حسبِ ذیل کے مطابق کوائف فراہم کرکے زیادہ سے زیادہ 4 ستمبر 2023 شام 5:00 بجے تک secretary@jsml.com.pk پر اپنی رجسٹریشن ارسال کریں۔

| نام | CNIC | فولیو نمبر | رابطہ نمبر | ای میل |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

7۔ ممبران سے درخواست ہے کہ اپنے رجسٹرڈ پتوں میں تبدیلی، زکوٰۃ ڈیکلریشن اور ٹیکس ایگزیمپشن سٹیٹس، اگر کوئی ہو، باقاعدہ اپنے کارآمد سرٹیفکیٹس کے ہمراہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فی الفور مطلع فرمائیں۔

-8 کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ (2)132 کے مطابق، اگر کمپنی کو جغرافیائی محل وقوع پر سکونتی مجموعی 10% یا زیادہ شیئر ہولڈنگ کے مالک ممبران سے اجلاس میں بذریعہ وڈیو کانفرنس شرکت کیلئے رضامندی اجلاس کی تاریخ سے کم ازکم 7 یوم قبل وصول ہوئی تو، کمپنی اس شہر میں ایسی سہولت کی دستیابی کے حوالہ سے اس شہر میں وڈیو کانفرنس سہولت کا انتظام کرے گی۔ کمپنی ایسے حصص داران کو ایسی سہولت تک رسائی کے قابل بنانے کے لئے وڈیو کانفرنس سہولت کے مقام کی بابت معلومات EOGM کی تاریخ سے کم ازکم 5

یوم قبل مطلع کرے گی۔

9۔ ای ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ

کمپنی کے (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 اور S.R.O. 905(I)/2023 مورخہ 07 جولائی 2023 کے ذریعے کی گئی حالیہ ترامیم کے مطابق، کہ خواتین، آزاد ڈائریکٹرز اور دیگر ڈائریکٹرز کی الگ الگ کیٹیگریز میں ووٹنگ، ان میں سے ہر ایک کیٹگری کے لیے الگ الگ، جیسا کہ معاملہ ہو، ووٹوں کو شمار یا غیر مسدود کیا جائے گا۔ مزید برآں، نیا بیلٹ پیپر تجویز کیا گیا ہے جو اس نوٹس کے ساتھ بھیجا جا رہا ہے اور کمپنی کی ویب سائٹ (www.jsml.com.pk) پر بھی دستیاب کرایا جا رہا ہے۔

10۔ S.R.O 906(I)/2023 مورخہ 07 جولائی 2023 کے ذریعے لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 میں کی گئی ترامیم کے مطابق یہ فراہم کیا گیا ہے کہ ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے ووٹنگ تین کیٹیگریز یعنی خواتین ڈائریکٹرز؛ آزاد ڈائریکٹرز؛ اور دیگر ڈائریکٹرز کے لیے الگ الگ منعقد کی جائے گی۔ نئے ضابطے میں مزید فراہم کیا گیا ہے کہ خواتین کی کیٹگری میں نشستوں کی زیادہ سے زیادہ تعداد 1 ہوگی اور آزاد ڈائریکٹرز کی کیٹگری کے لیے نشستوں کی زیادہ سے زیادہ تعداد 2 یا بورڈ کے کل سائز کا 1/3 ہوگی، جو بھی زیادہ ہو، فراہم کیا گیا کہ خواتین یا آزاد ڈائریکٹرز کی کل تعداد پر جو کمپنی کے بورڈ پر تمام کمبائنڈ کیٹگریوں میں منتخب کی جا سکتی ہے کوئی پابندی نہ ہوگی۔۔ایک رکن اپنی صوابدید پر ہر کیٹگری میں کسی بھی امیدوار کو ووٹ دے سکتا ہے۔ اگر کسی کیٹگری میں اپنے آپ کو منتخب ہونے کی پیشکش کرنے والے افراد کی تعداد اس کیٹگری میں منتخب ہونے والے ڈائریکٹرز کی تعداد سے زائد نہیں ہے، تو ایسے افراد ووٹنگ کے عمل کے بغیر بلا مقابلہ منتخب ہو جائیں گے۔

11۔ اراکین اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ پُر شدہ اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی کے ساتھ صدر اجلاس کو B-125، قائد اعظم انڈسٹریل اسٹیٹ، کوٹ لکھپت، لاہور پر (کمپنی سیکرٹری کو منسوب) EOGM سے دو دن پہلے یعنی 05 ستمبر 2023 شام 5:00 بجے سے پہلے ڈاک کے ذریعے پہنچ جانے چاہئیں۔ بیلٹ پیپر پر دستخط CNIC پر دستخط سے مماثل ہوں گے۔ اس وقت/ تاریخ کے بعد موصول ہونے والا پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کے لیے زیر غور نہیں لایا جائے گا۔

12۔ کمپنی نے EOGM کا نوٹس انگریزی اور اردو زبانوں میں پراکسی فارم کے ساتھ اپنی ویب سائٹ www.jsml.com.pk پر رکھ دیا ہے۔

## کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (3)134 کے تحت مادی حقائق کا بیان

سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے S.R.O 389(I)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 کی رُو سے کمپنیوں کو اپنے سالانہ نظر ثانی شدہ مالیاتی گوشواروں کو CD/DVD/USD کے ذریعے ترسیل کرنے کی بجائے اپنے ارکان کو QR اینبلڈ کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ترسیل کرنے کی اجازت دی ہے۔ مندرجہ ذیل قرارداد کو کسی ترمیم، اضافہ اور حذف کے ساتھ یا اس کے بغیر خاص قرارداد کے طور پر منظور کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔

"قرار پایا ہے کہ جیسا کہ سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے S.R.O 389(I)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 کی رُو سے اعلان کیا ہے کمپنی کے سالانہ نظر ثانی شدہ مالیاتی گوشواروں کی QR اینبلڈ کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ترسیل کرنے کی منظوری دی جاتی ہے۔"

"مزید قرار پایا ہے کہ چیف ایگزیکٹیو اور کمپنی سیکریٹری قرارداد ہذا کو نافذ کرنے کے لیے تمام قانونی ضابطوں کو مکمل کرنے کے واحد مجاز ہیں۔"

## کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (3)166 کے تحت مادی حقائق کا بیان

ایکٹ کی دفعہ 159 کی پروویژنز، اور کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کے مینرز اور انتخاب) ریگولیشنز، 2018 میں درج معیار اور ایکٹ کی دفعہ (1)166 کے تحت مطلوب آزاد ڈائریکٹرز کے ڈیٹا بینک میں بھی مندرجہ کے تحت، ڈائریکٹرز کے انتخاب کے عمل کے ذریعے آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب کیا جائے گا۔